فوری ریلیز کے لیے: 22/7/2023 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کی جانب سے تباہ کن سیلاب سے متاثرہ کمیونٹیز کے لیے وفاق کی جانب سے معاونت کی خاطر اس بڑی تباہی کے لیے وفاقی منظوری کا اعلامیہ جاری کرنے کا اعلان کیا گیا ہے

اس اعلامیے میں حالیہ گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارشوں کے سبب تباہ کن سیلابوں کی بحالی میں سرگرمِ عمل مقامی حکومتوں کے لیے اہم فنڈنگ فراہم کی گئی ہے

کلنٹن، ڈچس، ایسیکس، ہیملٹن، اونٹاریو، اورنج، پٹنیم اور راکلینڈ کاؤنٹیز کی مقامی حکومتوں کے لیے عوامی معاونت دستیاب ہے

افراد اور اضافی کاؤنٹیز کے لیے مزید معاونت کا وفاق کی جانب سے جائزہ لیا جا رہا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ صدر Biden نے بالائی ریاست نیو یارک کے زیادہ تر علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارشوں کے نتیجے میں آنے والے سیلابوں سے متاثرہ کمیونٹیز کو وفاقی امداد فراہم کرنے کی خاطر بڑی تباہی کے اعلامیے کے لیے ان کی درخواست کو منظور کر لیا ہے۔ مذکورہ اعلامیے میں کلنٹن، ڈچس، ایسیکس، ہیملٹن، اونٹاریو، اورنج، پٹنیم اور راکلینڈ کاؤنٹیز میں بحالی و تعمیرِنو کی کوششوں میں مدد کی خاطر اہم وفاقی معاونت جاری کی گئی ہے۔ ملبہ ہٹانے، ہنگامی حفاظتی اقدامات کرنے اور سرکاری عمارات اور بنیادی ڈھانچے کی مرمت کی خاطر اب ان کاؤنٹیز کو مالی معاونت تک رسائی حاصل ہے۔ نیو یارک متاثر ہونے والے کاروباروں کے لئے کم شرح سود پر بحالی کے قرضوں کے عمل میں پیش رفت کے لیے امریکی اسمال بزنس ایڈمنسٹریشن کے ساتھ بھی مصروفِ عمل رہا ہے۔ فی الوقت ریاست بھر میں موجود افراد اور اضافی کاؤنٹیز کے لیے مزید معاونت کا وفاق کی جانب سے تاحال جائزہ لیا جا رہا ہے۔

"رواں ماہ آنے والے تباہ کن سیلابوں کے باعث پوری بالائی ریاست نیو یارک میں شدید نقصان کے بعد، میں صدر Biden کی نہایت مشکور ہوں جنہوں نے بڑی تباہی کے اعلامیے کے سلسلے میں میری درخواست منظور کی،" **گورنر Hochul نے کہا،** "آئندہ ہفتوں کے دوران میری انتظامیہ FEMA کے ساتھ براہ راست کام کرے گی تاکہ یہ یقینی بنا سکے کہ ہمارے مقامی حکومتی ساتھیوں کو ایسی اہم فنڈنگ موصول ہو، جو کہ انہیں بحالی اور تعمیرِنو کے عمل کا آغاز کرنے کے لیے درکار ہے۔"

بڑی تباہی کا اعلامیہ وفاقی حکومت کی جانب سے مالی معاونت کو یقینی بناتا ہے جو بنیادی طور پر FEMA کے عوامی امدادی پروگرام کے ذریعے دی جاتی ہے تاکہ مقامی حکومتوں اور اہل غیر منافع بخش تنظیموں کو ملبہ ہٹانے، حفاظتی اقدامات کرنے، اور عمارتوں اور بنیادی ڈھانچے کی مرمت کرنے کے لیے درکار ضروری فنڈنگ مل جائے، جس میں سڑکیں، پل، پانی اور گندے پانی کی صفائی کی سہولیات، بنیادی انفراسٹرکچر کے اہم مقامات، اسکولز، پارکس اور دیگر سہولیات شامل ہیں۔

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی و ہنگامی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "مذکورہ اعلامیہ ان کمیونٹیز کی بحالی کے لیے ضروری وفاقی فنڈنگ فراہم کرتا ہے جو کہ رواں ماہ کے دوران آنے والے تباہ کن سیلابوں کے باعث شدید متاثر ہوئیں۔ گورنر Hochul کی قیادت اور صدر Biden اور ساتھ ہی ہمارے وفاقی شراکت داران کی معاونت کا

بےحد شکریہ، اب یہ کمیونٹیز اس قابل ہیں کہ اپنی طویل المدت بحالی کی منصوبہ بندی کا آغاز کر سکیں اور نیو یارک کسی بھی طور ان کی مدد کے لیے ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔"

9 جولائی سے 10 جولائی تک، مڈ ہڈسن کے علاقے کے بعض حصوں میں آٹھ انچ سے زائد جبکہ فنگر لیکس علاقے کی اونٹاریو کاؤنٹی میں پانچ انچ سے زائد بارش ہونے کی اطلاعات موصول ہوئیں۔ 10 جولائی سے 11 جولائی تک، شمالی ملک کے کچھ حصوں میں مختصر وقت میں کئی انچ بارش ہوئی جس کی وجہ سے تباہ کن سیلاب آیا، سڑکیں بند ہوئیں اور متاثرہ علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا۔

اس طوافان سے قبل، گورنر Hochul نے ریاستی ایجنسیوں کو ہدایت کی کہ تھی کہ وہ ہنگامی ردعمل کا ساز و سامان تیار کر لیں اور موسمی اثرات کی نگرانی کرنے اور مدد کی درخواستوں پر اقدام کرنے کے لئے مقامی حکومتوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں۔ جیسے جیسے طوفان پوری ریاست میں آگے بڑھتا گیا، گورنر متاثرہ علاقوں میں آفات سے نمٹنے والے وسائل بھیجتی رہیں، جس میں محکمہ ٹرانسپورٹیشن کا اضافی عملہ بھی شامل تھا جنہوں نے ریاستی شاہراہوں اور پلوں کو جلد از جلد کھولنے کے لئے بہت محنت سے کام کیا۔

امریکی سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles Schumer نے کہا، "رواں ماہ کے آغاز میں ہونے والی تاریخی بارشیں، جنہوں نے ہڈسن ویلی اور فنگر لیکس سے لے کر شمالی ملک تک تمام بالائی ریاست نیو یارک کی کمیونٹیز کو متاثر کیا، کسی دور میں ایک بار آنے والی واحد سیلابی صورتِ حال کا باعث بنیں، جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر لاکھوں کا نقصان ہوا اور اسی طرح متوقع مرمتی کاموں میں ملین ڈالرز صرف ہوں گے۔ میں نے متاثرہ کمیونٹیز کی آوازیں حکومت کی اعلیٰ ترین سطحوں تک پہنچانے کے لیے ان تھک جدوجہد کی ہے جس میں FEMA کے منتظم اور صدر Biden، دونوں کو میں نے ذاتی طور پر تحریر کیا، کیونکہ میں جانتا تھا کہ اس خوفناک طوفان سے بحالی کے طویل سفر کا صحیح معنوں میں آغاز کرنے کے لیے ہماری ریاست کو اس فنڈنگ کی ضرورت ہے۔ میں خلوص دل سے صدر Biden کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میری پکار پر دھیان دیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اس تاریخی سیلاب سے متاثر ہونے والی نیو یارک بھر کی کمیونٹیز کو وہ مدد حاصل ہو رہی ہو جو کہ انہیں پہلے سے زیادہ مستحکم تعمیرنو کے سلسلے میں درکار ہے، اور میں ہڈسن ویلی اور بالائی ریاست نیو یارک کو درکار ہر قسم کی وفاقی معاونت کی فراہمی کی خاطر اپنی جدوجہد جاری رکھوں گا۔"

امریکی سینیٹر Kirsten Gillibrand کا کہنا تھا کہ، "میں صدر Biden کی نہایت مشکور ہوں جنہوں نے ہڈسن ویلی اور شمالی ملک کی متاثرہ کمیونٹیز میں سیلاب کے باعث مچنے والی تباہی کے بڑے اعلامیے کے حوالے سے میری پکار پر لبیک کہا۔ یہ اعلامیہ انتہائی مطلوب وفاقی معاونت فراہم کرے گا جس سے مذکورہ خطہ بحالی کی جانب سفر پر گامزن ہو گا۔ میں وائیٹ ہاؤس اور مقامی شراکت داران کے ساتھ اپنے کام کو جاری رکھوں گی اور اس امر کو یقینی بناؤں گی کہ ریاست بھر میں اضافی کمیونٹیز کو وہ تمام وسائل فراہم کیے جائیں جو کہ انہیں ازسرِنو تعمیر کے سلسلے میں درکار ہیں۔"

نمائندہ Patrick Ryan کا کہنا تھا کہ، "گزشتہ چند ہفتے ہماری کمیونٹی، بالخصوص ہائیلینڈ فالز، فورٹ مونٹگومری اور کارن وال میں مقیم خاندانوں کے لیے تباہ کن اور دل شکن رہے ہیں۔ مجھے یہ اعلان کرنے پر نہایت فخر محسوس ہو رہا ہے کہ انتہائی مطلوب وفاقی معاونت کی فراہمی عنقریب ممکن ہو گی،" کانگریسی رکن Pat Ryan نے کہا۔ "صدر Biden کی جانب سے اعلامیے کی فوری منظوری دینے، گورنر Hochul کی جانب سے مؤثر ریاستی ردعمل کو متحرک کرنے اور ہمارے مقامی رہنماؤں، خصوصاً اورنج کاؤنٹی ایگزیکٹو Neuhaus کی جانب سے متذکرہ علاقوں میں ناقابلِ یقین کارروائیاں سرانجام دینے پر میں ان کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔ میں ہر متاثرہ شخص کے لیے ان وسائل کی فراہمی تک جدوجہد جاری رکھوں گا جن کی انہیں ضرورت ہے اور جن کا وہ استحقاق رکھتے ہیں۔"

ریاستی سینیٹر James Skoufis کا کہنا تھا کہ، "اورنج کاؤنٹی کی میونسپلٹیز کے لیے اس ماہ کی تاریخی بارشوں اور سیلاب سے بحالی کے نہایت طویل سفر کا سامنا ہے، اور FEMA کا بڑی تباہی کا اعلامیہ بحالی کے مشکل کام کی انجام دہی میں ہمارے منتخب افسران کے لیے انتہائی مطلوب وسائل فراہم کرے گا۔ میں گورنر Hochul، وفاقی شراکت داران اور Biden انتظامیہ کی جانب سے اس اہم ضرورت کا ادراک رکھنے اور اس پر عمل درآمدر کرنے پر

ان کا شکرگزار ہوں۔ ہمیں انفرادی مکان مالکان کے لیے راہیں تلاش کرنے کا عمل جاری رکھنا ہو گا تاکہ آئندہ ہفتوں اور مہینوں کے دوران جس معاونت کے وہ مستحق ہیں، وہ انہیں حاصل ہو، بلکہ ہماری میونسپلٹیز کو اورنج کاؤنٹی کی تعمیرِنو کے سلسلے میں FEMA میں ایک مستحکم ساتھ بھی حاصل ہو گا۔"

رکنِ اسمبلی Chris Eachus نے کہا، "مڈ ہڈسن ویلی کے لیے ہنگامی اعلامیے کے سلسلے میں گورنر Hochul، کانگریسی رکن Pat Ryan، سینیٹر Chuck Schumer، سینیٹر Kirsten Gillibrand، اور ہمارے امریکی صدر Joe Biden کا تہہِ دل سے شکریہ، جس کے نتیجے میں 9 اور 10 جولائی، بروز اتوار اور پیر، ہونے والی تباہ کاری سے متاثرہ افراد اپنے نقصانات کے لیے اہم معاونت کے حصول کے قابل ہو سکیں گے۔ میں اس مشکل کی گھڑی میں حکومت میں موجود اپنے رفقائے کار، اپنے انتخاب کنندگان اور میونسپلٹیز کے ساتھ کھڑا رہوں گا تاکہ انہیں کسی بھی قسم کی اور مکمل معاونت فراہم کر سکوں۔"

ڈچس کاؤنٹی ایگزیکٹو William F.X. O'Neil نے کہا، "ہم ریاست اور وفاقی حکومت سے ملنے والی معاونت کو بےحد سراہتے ہیں۔ یہ اعلامیہ تباہ کن سیلابوں سے متاثرہ مقامی کمیونٹیز کو مرمتی کاموں کی انجام دہی اور اہم بنیادی ڈھانچے کی بحالی میں مدد دے گا۔ ہم اپنے میونسپل رہنماؤں اور ریاستی نمائندگان کی مستعد کوششوں کے لیے ان کے شکرگزار ہیں جنہوں نے ضروری دستاویزات کے حصول اور ہنگامی حالات میں مریضوں کی فوری ترتیب کاری کی ضروریات سے فوری اور مؤثر انداز میں نمٹنے کا کام انجام دیا اور اس سلسلے میں پاؤلنگ ٹاؤن کے سپروائزر James Schmitt قابلِ ذکر ہیں۔ ہم ریاستی حکام اور FEMA نمائندگان کے ساتھ کام جاری رکھیں گے تاکہ افراد اور کاروباری اداروں کے لیے معاونت حاصل کر سکیں، نیز ہم NYS DHSES اور FEMA کی تخفیفی ٹیم کے ساتھ بھی مل کر کام کریں گے تاکہ ہم نہ صرف نقصان زدہ علاقوں میں مرمت کا کام انجام دے سکیں، بلکہ مستقبل میں اس قسم کے مسائل سے بچاؤ کے لیے اقدامات بھی کر سکیں۔"

اورنج کاؤنٹی ایگزیکٹو Steven M. Neuhaus نے کہا، "مجھے یہ سن کر خوشی ہوئی کہ رواں ماہ کے آغاز میں آنے والے سیلاب سے متاثرہ اورنج کاؤنٹی کی کمیونٹیز کے لیے بڑی تباہی کا اعلامیہ جاری کیا گیا ہے۔ بحالی کے عمل کی جانب یہ ایک اور اہم اقدام ہے اور یہ اضافی فنڈنگ بحالی کے ساتھ ہمیں مزید معاونت فراہم کرے گی۔ میں گورنر Hochul کے ساتھ مل کر کام کو جاری رکھوں گا اور بعد از طوفان تعمیرِنو کے لیے وفاقی معاونت کی حمایت کروں گا۔"

پٹنیم کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Kevin Byrne نے کہا، "میں بڑی تباہی کے وفاقی اعلامیے کی منظوری پر صدر Biden کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جو کہ FEMA کو اس قابل بنائے گا کہ وہ طوفان کے باعث نقصان اٹھانے والی متعدد میونسپل حکومتوں کے لیے تباہی سے بحالی کے سلسلے میں اہم مالی فنڈنگ کی پیشکش کر سکے۔ میں طوفان اور بحالی کی کوششوں کے دوران گورنر Hochul، ان کے عملے اور ڈویژن برائے وطن کی سلامتی و ہنگامی خدمات کی ٹیم کی جانب سے بیورو برائے ہنگامی خدمات میں موجود اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر کام کرنے پر ان کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔ پٹنیم ریاست اور وفاقی وفد کے ہر نمائندے نے طوفان کے بعد کی صورتحال میں رسائی کرنے اور معاونت کی پیشکش کرنے کے لیے وقت نکالا، اور ہم ان سب کے شکرگزار ہیں، تاہم ہمیں اس بات کا بھی احساس ہے کہ تمام تر مرمتی کاموں کی انجام دہی اور تخفیفی کوششوں کی تکمیل کی جانب تاحال ایک طویل سفر باقی ہے۔ متعدد مالکان مکان طوفان کے باعث ہونے والے نقصان سے تاحال بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ ہم ریاستی اور وفاقی حکومت میں موجود اپنے شرکت داران کے ساتھ مل کر کوششیں جاری رکھیں گے تاکہ اضافی ریلیف کی دوبارہ فراہمی کے سلسلے میں ان کی کوششوں کو فروغ دینے کی خاطر انہیں درکار وسائل فراہم کیے جا سکیں۔"

راکلینڈ کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Ed Day نے کہا، "ہم اس اقدام میں پیش رفت کرنے پر گورنر Kathy Hochul اور وفاقی حکام کو سراہتے ہیں۔ ہم یہ دیکھ کر مطمئن ہیں کہ مذکورہ میونسپلٹیز میں امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ SBA کے ذریعے چھوٹے کاروباری ادارے بھی کم شرح سود پر قرضوں کا ریلیف حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم پُرامید ہیں کہ شہریوں کے لیے مزید رہائشی سہولیات دستیاب بنائی جائیں گی۔"

کلنٹن کاؤنٹی کے صدر Mark Henry نے کہا، "کلنٹن کاؤنٹی نے حال ہی میں شدید سیلابی صورتِ حال کا سامنا کیا جس کے باعث نجی املاک، میونسپل اور کاؤنٹی کے بنیادی ڈھانچے کو بےتحاشہ نقصان پہنچا۔ ہمیں یہ جان کر بےحد

خوشی ہوئی کہ صدر Biden نے ہنگامی اعلامیے پر دستخط کیے ہیں جس کے نتیجے میں کلنٹن کاؤنٹی امداد کے لیے اہل ہو گئی ہے۔ ہم اس معاونت پر صدر اور گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

ایسیکس کاؤنٹی کے صدر Shawn Gilliand نے کہا، "ایسیکس کاؤنٹی ہمارے بنیادی ڈھانچے کو شدید متاثر کرنے والے اور املاک کو نقصان پہنچانے والے حالیہ شدید طوفانوں کے لیے 'تباہی کا وفاقی اعلامیہ برائے ایسیکس کاؤنٹی' کی نہایت معترف ہے۔ Biden انتظامیہ اور گورنر Hochul کی مستقل معاونت پر ان کا بےحد شکریہ۔"

ہیملٹن کاؤنٹی کے صدر Brian Wells نے کہا، "ہیملٹن کاؤنٹی کو اطلاع موصول ہونے کے حوالے سے یہ اعلان کرنے پر نہایت خوشی ہے کہ ہمیں FEMA کے توسط سے ذاتی معاونت موصول ہو گی اور ہماری وفاقی حکومت کی جانب سے سرعت رفتار معاونت امریکا کو حقیقتاً عظیم بنانے کی شاہد ہے۔"

اس کے علاوہ، گورنر Hochul نے متاثرہ علاقوں میں ریاستی محکمہ برائے مالی خدمات (Department of Financial Services، DFS) سے بھی عملہ تعینات کیا تاکہ سیلاب سے متاثرہ شہریوں کو انشورنس کے دعویٰ جات کے اندراج کے سلسلے میں مدد دی جا سکے۔ عوام الناس (800) 339-1759 پر DFS ڈیزاسٹر ہاٹ لائن پر بھی کال کر سکتے ہیں۔

وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کے ڈویژن کا تعارف
ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات، دہشت گردی اور دیگر انسان ساختہ اور قدرتی آفات، خطرات، آگ اور دیگر ہنگامی صورتحالوں کو روکنے، ان کے خلاف حفاظت، تیاری، جواب دینے، اور ان سے بحالی کی کوششوں کے لیے قیادت، ہم آہنگی اور تعاون فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے DHSES کا Facebook پیج ملاحظہ کریں، @NYSDHSES کو Twitter پر اور Instagramپر فالو کریں، یا dhses.ny.gov کا دورہ کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں